پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001

فون 91 22 2266 0502 فیکس 91 22 22660358

01 مارچ 2019

رانی لکشمی بائی اربن کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، جھانسی، اتر پردیش۔ جرمانہ عائد

ریزروبینک آف انڈیا نے رانی لکشمی بائی اربن کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، جھانسی، اتر پردیش پر پانچ لاکھ روپیہ (Rs.5,00,000) کا مالیاتی جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A(1)(C) جس کو سیکشن 46(4) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے عائد کیا ہے۔ ریزروبینک نے یہ جرمانہ اس بینک کے ذریعہ کریڈٹ انفارمیشن کی ممبرشپ سے متعلق آر بی آئی کی ہدایات/ رہنما خطوط کی خلاف ورزی کرنے [پروڈینشیل نارمس (انٹر بینک کاؤنٹر پارٹی لمٹ پر) بورڈ کی آڈٹ کمیٹی، آمدنی کی پہچان، اثاثوں کی درجہ بندی، پراویزننگ اور دیگر متعلقہ معاملات۔ یوسی بی ز، کے وائی سی/ اے ایم ایل گائڈ لائنس، انویسٹمنٹ لین دین کا کنکرنٹ آڈٹ کی خلاف ورزیاں کرنے کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

ریزروبینک نے اس بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا۔ اس کے جواب میں بینک نے ایک تحریری جواب نامہ پیش کیا۔ معاملہ کی نوعیت اور حقیقت پر غور کرنے اور معاملہ میں داخل جواب نامہ پر غور کرنے کے بعد ریزروبینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور جرمانہ عائد کر دیا۔

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز: 2018-2019/2075